© rasailojaraid.com



# عید الفطر...................(اداریہ)

ماہ رمضان المبارک اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ گزر رہا ہے اور خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس کی رحمتوں اور برکتوں سے پوری طرح فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ یہ عبادت کا مہینہ ہے' نیکیوں کے دن ہیں۔ جس میں انسان اپنا تزکیہ نفس بھی کرتا ہے کیونکہ روزے کی اصل منشاء تقوی و طہارت ہے جو شخص یہ مراد پاگیا وہ بڑا ہی نصیبوں والا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اس مبارک ماہ سے مستفید ہونے کی توفیق دے! آمین

عیدالفطر تمام مسلمانوں کے لئے خوشی اور مسرت کا دن ہے ایک بڑے فرض سے سبکدوش ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور شکر بجالانے کا دن ہے۔ یہ دن تجدید عہد کا دن ہ ہے اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری میں زندگی گزارنے کے لئے نئے عزم کا دن ہے۔ اس کی مخلوق کی خدمت کرنے اور انہیں آرام و سکون بہم پہنچانے کے لئے جدو جہد کرنے کا دن ہے۔

مسلمانوں کی خوشیاں مشترک ہیں ۔ ہماری خوشی تب مکمل ہوتی ہے کہ جب پوری دنیا میں پھیلے ہوئے مسلمان خوش و خرم ہوں۔ انہیں مکمل آزادی نصیب ہو۔ اور ظالموں کے چنگل سے آزاد ہوں۔ اس وقت پوری دنیا میں مسلمان نہایت مظلومیت کی زندگی گزار رہے ہیں۔ جگہ جگہ ان پر ظلم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں۔ خاص کر کشمیر' فلسطین' صومالیہ' فلپائن وغیرہ سرفہرست ہیں۔

ہمیں اپنی خوشیوں میں ان مسلمان بھائیوں کو کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ ان کی خوشیوں کے لئے بھی کوشش کرنی چاہیے ۔ ان کے ساتھ اظہار ہمدردی کے لئے باہمی تعاون کرنا چاہیے اور دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں مشترکہ خوشیوں سے ہمکنار کرے۔

© rasailojaraid.com